اور مساجد میں ان کے بعض افراد درس تدریس کا شغل بھی رکھتے ہیں۔ البتہ اب ان کی اولادیں سرکاری ابتدائی مدارس میں مروجہ تعلیم بھی پاتی ہیں۔ جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے۔ کاغذات بندوبست میں یہ برادری چوہان گجر کے نام سے درج ہے۔ اور اس کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے۔ کہ جن مقامات پر یہ لوگ آباد ہوئے۔ وہاں گجر لوگوں کی کثرت تھی۔ اس لئے انہی اقوام سے ان کے رشتے ناطے ہوتے رہے۔ اور ان کی اقلیت بھی اکثریت میں مل کر گجروں کے نام سے موسوم ہوگئی۔ ورنہ سب جانتے ہیں۔ کہ چوہان راجپوتوں کی ایک اعلیٰ ترین گوت ہے۔ جو صدیوں تک دہلی اور ہندوستان کے دیگر حصص پر شاندار حکومت کر چکی ہے۔

گگڑو خاندان

شجرہ نسب

- حضور جو
  - احمد جو
    - عبدالسبحان
      - محمد اقبال
    - ولی جو
      - غلام نبی
      - غلام مصطفیٰ
    - عبدالغنی
      - عبدالقیوم
      - محمد عبداللہ
      - غلام رسول
      - غلام حسن
      - غلام حیدر
  - عزیز جو
    - عبدالصمد
      - غلام محمد

گگڑو خاندان کے متعلق یہ معلوم ہوا ہے۔ کہ اس کے کچھ افراد تحصیل اسلام آباد (سرینگر) کے محلہ زینہ کدل اور کشتواڑ میں آباد ہیں۔ بھدرواہ میں بھی